رہبر معظم کا خبرگان کونسل میں مازندران کے نمائندے کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 2 /Sep/ 2014

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای نے بہشہر کے امام جمعہ اور خبرگان کونسل میں مازندرانی عوام کے نمائندے عالم عامل و مجاہد، حجۃ الاسلام حاج سید صابر جباری کے انتقال پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بہشہر کے امام جمعہ اور خبرگان کونسل میں مازندرانی عوام کے نمائندے ،عالم عامل و مجاہد، حجۃ الاسلام حاج سید صابر جباری کے انتقال پر صوبہ مازندران کے انقلابی اور مؤمن عوام بالخصوص بہشہر کے عوام اور صوبہ کے علمی و دانشور طبقہ نیز مرحوم کے اہلخانہ اور پسماندگان کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں۔

اس بزرگ عالم دین کی تبلیغی میدان میں خدمات اور انقلاب اسلامی کی راہ میں استقامت اور عوامی میدانوں میں حضور اس خطے کے عوام کے لئے آشکار اور مرحوم کے لئے الہی ذخیرہ اور نیک نامی کا باعث ہے انشاء اللہ۔

اللہ تعالی اس عالم عامل کو اپنے اجداد کے ساتھ محشور فرمائے اور مرحوم پر اپنی رحمت اور مغفرت نازل کرے۔

سید علی خامنہ ای

11/شہریور/1393